14-07-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں

آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

----------------------------------------------------------------

1 وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ گزشتہ تین سے چار سال کے عرصے میں روزگار کے آٹھ کروڑ نئے مواقع نے بیروزگاری کے بارے میں فرضی بیانیے کو پھیلانے والے لوگوں کو خاموش کردیاہے۔

2 مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ آج مدھیہ پردیش کے سبھی 55 ضلعوں میں پرائم منسٹر کالج آف ایکسیلنس کا افتتاح کریں گے۔

3 مرکز نے جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر کو مزید اختیارات تفویض کئے ہیں۔

4 محکمہ موسمیات نے ناگالینڈ،اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

5 امریکہ کے سابق صدر ڈونالڈٹرمپ Pennsylvania میں گولی باری میں زخمی ہوگئے ہیں۔

6 اور مردوں کی کرکٹ میں

آج سہ پہر ہرارے میں پانچویں اور آخری ٹی۔ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ میزبان زمبابوے سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Job Creation

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ گزشتہ تین سے چار سال کے عرصے میں روزگار کے آٹھ کروڑ نئے مواقع نے بیروزگاری کے بارے میں فرضی بیانیے کو پھیلانے والے لوگوں کو خاموش کردیاہے۔ بیروزگاری کے ایک حالیہ رپورٹ کا حوالہ دیتے RBI کے اعدادوشمار کے بارے میں ہوئے جناب مودی نے کہا کہ ملک میں ہنرمندی کے فروغ اور روزگار کی ضرورت ہے اور ان کی حکومت اس سمت میں کام کررہی ہے۔
وزیراعظم ممبئی کے گورے گاؤں کے نواحی علاقے میں ایک تقریب میں اظہار خیال کررہے تھے، جہاں انہوں نے سڑک، ریلوے اور بندرگاہ کے سیکٹروں میں 29 ہزار کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح اور ان کا سنگ بنیاد رکھا۔

وزیراعظم نے زور دیتے ہوئے کہا کہ اُن کا مقصد مہاراشٹر کو دنیا کا بڑا معاشی مرکز بناناہے اور ممبئی کو ایک عالمی فنٹیک راجدھانی بنانا ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ ممبئی کے اردگرد آئندہ بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں سے قریبی علاقوں کے ساتھ شہر کی کنکٹیویٹی کو مضبوطی ملے گی، جو خواتین کو بہتر سہولیات کے ساتھ ساتھ سلامتی کو یقینی بنائے گا۔انہوں نے کہا کہ مرکز نے پال گھر میں Dahanuکے 76 ہزار کروڑ روپے میں Vadhavan بندرگاہ کو بھی منظوری دے دی ہے جس سے دس لاکھ روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

PM Media

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ میڈیا کو چاہئے کہ وہ شہریوں کے موافق اقدامات کو فروغ دینے میں حکومت کی حمایت کرے۔ماحولیات کے تحفظ کی پہل ایک پیڑ ماں کے نام کی مثال پیش کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ اس پہل کی عالمی سطح پر تعریف کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ میڈیا اسے ایک عوامی تحریک بنانے میں مدد کرسکتا ہے۔ جناب مودی ممبئی میں باندرہ کرلا کمپلیکس میں انڈین نیوز پیپرس سوسائٹی ٹاور کا افتتاح کرنے کے بعد ایک اجتماع سے خطاب کررہے تھے۔ مہاراشٹر کے گورنر رمیش Bais ، وزیراعلیٰ ایکناتھ شنڈے، نائب وزیراعلیٰ دویندرفڑنویس اور اجیت پوار کے ساتھ ساتھ کے صدر راکیش شرما بھی اس موقع پر موجود تھے۔ INS

وزیراعظم نے وکست بھارت کیلئے اگلے 25 سال کے سفر میں اخباروں اور جریدوں کے کردار کا ذکر کیا اور میڈیا کی یہ کہتے ہوئے تعریف کی کہ اس نے عوام کو ان کی طاقت کے بارے میں بیدار کیاہے۔ انہوں نے کہا کہ بہت سے میڈیا گھرانوں کے پاس ڈیجیٹل شمارے ہیں، لہٰذا انہیں بین الاقوامی زبانوں میں اپنا موقف رکھنا چاہئے اوربھارتی نظریے کو عالمی سطح پر پیش کرنا چاہئے۔

VP Cyber Security

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے کہا ہے کہ ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول سے اختراع کو فروغ حاصل ہوتا ہے، سرمایہ کاری بڑھتی ہے اور اقتصادی سرگرمیاں بلا رکاوٹ جاری رہتی ہیں۔ کل شام نئی دلّی میں عالمی انسداد دہشت گردی کونسل کی جانب سے منعقدہ تیسری سائبر سکیورٹی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے مکمل طور پر لیس سائبر سکیورٹی قیادت کی خاطر ایک ایسے طریقہٴ کار کو فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا، جو امکانی سائبر حملوں سے نمٹنے میں کارگر ثابت ہو۔

نائب صدرجمہوریہ نے خصوصاً دیہی علاقوں میں سائبر جرائم کے متاثرین کو قانونی مدد فراہم کرنے پر زور دیا۔ملک میں بڑھتی ہوئی ڈیجیٹل دراندازی کے ساتھ سائبرجرائم کے بڑھتے واقعات کا نوٹس لیتے ہوئے انھوں نے کہاکہ یہ ایجنسیوں، تفتیش کاروں،انضباطی اداروں اور قانونی برادری کیلئے تشویش کا ایک نیاشعبہ ہے۔

انہوں نے اس سے نپٹنے کیلئے تکنیکی اور انسانی مہارت کو فروغ دینے پر زور دیا۔

Amit Sha

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج اندور سے مدھیہ پردیش کے سبھی 55 ضلعوں میں پرائم منسٹر کالج آف ایکسیلینس کا افتتاح کریں گے۔
جناب شاہ ایک پیڑماں کے نام مہم میں بھی شرکت کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Sanjeev Sharma

پی ایم کالج آف ایکسیلینس کا پروگرام اندور کے اٹل بہاری واجپئی گورنمنٹ آرٹس اینڈکامرس کالج میں منعقد ہوگا۔ مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو اس پروگرام میں شرکت کریں گے، جو ہرضلع کے ہیڈکوارٹر میں بھی منعقد ہوگا۔ اسمبلی اسپیکر نائب وزیراعلیٰ اور وزراء ضلع سطح کے پروگراموں میں موجود رہیں گے۔وزیراعظم نریندرمودی سے تحریک لیتے ہوئے ’ایک پیڑ ماں کے نام‘ مہم کے تحت آج اندور ضلعے میں ایک دن میں 11 لاکھ پودے لگانے کا عالمی ریکارڈ بنایا جائے گا، تاکہ ماحولیات کا تحفظ کیا جاسکے۔ جناب شاہ BSF کے Revati رینج میں اس مہم کا آغاز کریں گے۔ وہ پی ایم کالج آف ایکسیلینس کے طلبہ کیلئے ایک بس سروس کا بھی آغاز کریں گے۔

بھوپال سے سنجیوشرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں
حسین اختر

Shah Vibrant Village

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کل نئی دلی میں ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران درخشاں گاؤوں کے پروگرام کا جائزہ لیا۔ میٹنگ کے دوران جناب شاہ نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت سرحدی گاؤوں کی ہمہ گیر ترقی کے تئیں پُر عزم ہے۔ جناب شاہ نے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرنے اور ان سرحدی گاؤوں سے نقلِ مکانی روکنے کے لیے گاؤوں کے ساتھ کنکٹوٹی بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ میٹنگ میں مرکزی داخلہ سکریٹری، بارڈر مینجمینٹ کے سکریٹری اور انڈو-تبت بارڈر پولیس کے ڈائریکٹر جنرل سمیت اور داخلی امور کی وزارت کے سینئر عہدیداروں نے شرکت کی۔

درخشاں گاؤوں کے پروگرام کی اسکیم کے تحت 136 سرحدی گاؤوں کو دو ہزار 420 کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیے گئے 113 سڑک پروجیکٹوں کے ذریعے کنکٹوٹی فراہم کی جا رہی ہے۔

یہ سڑک سبھی موسموں میں کام کرے گا۔ ان سبھی گاوؤں میں مالی شمولیت کو یقینی بنانے کیلیے بھی مناسب اقدامات کیے جا رہے ہیں اور وہاں انڈیا پوسٹ پیمنٹ بینکس کی سہولت بھی فراہم کی جا رہی ہے۔x

ْJ&K LG

مرکز نے جموں و کشمیر کے لیفٹننٹ گورنر کو مزید اختیارات تفویض کئے ہیں۔

مرکزی وزارت داخلہ نے جموں و کشمیر تنظیم نو قانون، 2019 میں ترمیم کرتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر کے دائرۂ اختیار کو مضبوطی دی ہے۔ مرکزی حکومت نے اس قانون کے تحت انتظامی امور میں ترمیم سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔

نوٹفکیشن کے مطابق یہ قوانین، سرکاری گزیٹ کے شائع ہونے کی تاریخ سے نافذ العمل ہوں گے۔ یہ فیصلہ جموں و کشمیر کے لیفٹنٹٹ گورنر کو آل انڈیا سروس افسران کے تبادلے اور تقررات، پولیس اور عدالتی افسران کے تقررات میں مزید بااختیار بنائے گا۔

ماضی میں پولیس، عوامی احکامات، آل انڈیا سروسز اور بدعنوانی مخالف بیورو سے متعلق تجویزوں کو لیفٹننٹ گورنر تک پہنچنے سے پہلے جموں و کشمیر کے محکمۂ خزانہ سے منظوری لینی پڑتی تھی۔ ترمیم شدہ قوانین سے مطابق یہ تجویزیں مرکز کے زیرِ انتظام علاقے کے چیف سکریٹری کے ذریعے اب سیدھے لیفٹننٹ گورنر کو پیش کی جا سکیں گی۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

IMD Weather

بھات کے محکمہ موسمیات نے آج ناگالینڈ، اڈیشہ، چھتیس گڑھ میں بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ اس نے کہا یہ کہ منگل تک کونکن، گوا، مدھیہ مہاراشٹر کے گھاٹ علاقوں میں انتہائی شدید بارش کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے ساحلی کرناٹک اور جنوبی اندرونی کرناٹک میں آج اور کل بہت شدید بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

محکمہ موسمیات کے مطابق تلنگانہ، مراٹھ واڑا اور ودربھ میں کل xبہت شدید بارش ہو سکتی ہے۔

Amarnath Yatra

وادیٔ کشمیر میں شری امرناتھ جی گپھا کے درشن کرنے کے لیے چار ہزار آٹھ سو نواسی یاتریوں کا ایک اور جتھ آج صبح بھگوتی نگر یاتری نواس بیس کیمپ سے جموں کے لیے روانہ ہوگیا ہے۔

یہ یاتری 187 گاڑیوں میں سوار ہوکر درشن کے لیے روانہ ہوئے ہیں۔ ان میں سے ایک ہزار 896 یاتری بالتل بیس کیمپ کے لیے رات تین بج کر پانچ منٹ پر اور دو ہزار 993 پہلگام بیس کیمپ کے لیے رات تین بج کر 55 منٹ پر روانہ ہوئے، جہاں سے وہ گپھا کے درشن کے لیے مزید سفر xطے کریں گے۔

Donald Trump Injured

Butler کے Pennysylvania سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کل رات میں اپنی ایک ریلی کے دوران گولی باری میں زخمی ہوگئے۔ بندوق بردار اور ریلی میں شامل ایک فرد کی بھی گولی باری میں موت ہوگئی۔ شائقین میں موجود ایک شخص کی حالت بے حد نازک ہے۔ تقریر کے دوران جب فائرنگ شروع ہوئی تو ٹرمپ زمین پر گر گئے اور سیکریٹ سروس ایجنٹس نے انھیں گھیر لیا۔ جب ٹرمپ کو جائے واقعے سے لے جایا گیا تو اُن کا چہرہ خون آلود تھا۔ سیکریٹ سروس نے کہا کہ ٹرمپ محفوظ ہیں اور سخت حفاظت میں ہیں۔ فائرنگ کے اس واقعہ کی تحقیقات قتل کی کوشش معاملے کے تحت کی جا رہی ہے۔

اپنے بیان میں جناب ٹرمپ نے خفیہ اداروں اور قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے فوری ردعمل پر ان کا شکریہ ادا کیا۔

ٹرمپ نے بتایا کہ گولی ان کے داہنے کان کے اوپری حصے کو چھوتی ہوئی نکلی ہے۔ صدر بائیڈن نے تشدد کے اس واقعہ کی مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ وہ شکر گزار ہیں کہ ٹرمپ صحیح سلامت ہیں۔

Null-Eng- Joe Biden-Morn

Imran Khan Acquittal

اسلام آباد کی ڈسٹرکٹ اور سیشن عدالت نے پاکستان کے سابق وزیر اعظم عمران خان اور اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو غیرقانونی شادی کے الزامات سے بری کردیا ہے۔ عدالت نے غیراسلامی شادی کے معاملے میں خان کے خلاف الزامات کو خارج کردیا، جہاں ایک درخواست دہندہ نے اُن کی شادی کی قانونی حیثیت کو چیلنج کیاتھا۔عمران خان اور اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی  کو فروری میں پاکستان میں انتخابات سے چند دن قبل سات سال قید کی سزا سنائی گئی تھی۔ اُس وقت ایک عدالت نے اُنھیں اسلامی شریعت کی خلاف ورزی کا مجرم قرار پایا تھا کہ عمران خان کی اہلیہ بشریٰ اپنی سابقہ شادی کے بعد ہوئی طلاق اور عمران خان سے اپنی شادی کے درمیان درکار وقفے کی پابندی کرنے میں ناکام رہی تھیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے بانی پچھلے سال اگست سے جیل میں بند ہیں۔

لیکن اس معاملے میں بری ہونے کے بعد جیل سے رہائی کی ان کی امیدوں پر اُس وقت پانی پھر گیا جب مبینہ بدعنوانی کے ایک اور معاملے میں انہیں پھر گرفتار کرلیاگیا۔ غیراسلامی شادی کے معاملے میں ان کی رہائی کے بمشکل ایک گھنٹے بعد قومی احتساب بیورو NAB نے انہیں توشہ خانہ میں بدعنوانی کے ایک نئے معاملے میں گرفتار کرلیاہے۔

India Zimbabwe T-20

کرکٹ میں آج ہرارے اسپورٹس کلب میں ٹی20 میچوں کی سیریز کے پانچویں اور آخری میچ میں بھارت زمبابوے کا سامنا کرے گا۔ بھارتی وقت کے مطابق میچ شام ساڑھے چار بجے شروع ہوگا۔

بھارتی ٹیم کوپہلے ہی میزبان پر تین ایک کی سبقت حاصل ہے۔ سیریز کی قیادت میں Shubman Gill کے پہلے ہی میچ میں شکست کے بعد بھارتی ٹیم نے سکندر رضا کی نوجوان ٹیم کے خلاف بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تین میچوں میں کامیابی حاصل کی۔

اس سے قبل کل سیریز کے چوتھے میچ میں بھارت نے زمبابوے کو 10 xوکٹ سے شکست دی۔

Wimbledon

ومبلڈن ٹینس میں، آج مردوں کے سنگلزکے فائنل میں دنیا کے دوسرے نمبر کے کھلاڑی نوواک جوکووچ کا مقابلہ اسپین کے موجودہ چمپئن کارلوس الکاراز سے ہوگا۔ یہ میچ لندن میں آل انگلینڈ کلب کے آئی کونک سینٹر کورٹ میں ہوگا۔ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے 6 بجے شروع ہوگا۔ ومبلڈن کے فائنل میں کارلوس الکاراز دوسری مرتبہ مقابلہ کریں گے، جبکہ نوواک جوکووچ سات بار چمپئن رہ چکے ہیں۔جوکووچ اس بات کی کوشش کریں گے کہ وہ روجرفیڈرر کا ومبلڈن میں آٹھ مرتبہ مردوں کا سنگلز کا خطاب کا ریکارڈ توڑیں۔

Barbora اس سے پہلے  لندن میں کل شام چیک جمہوریہ کی Krejcikova کو  چھ- دو، دو-چھ، چھ-چار  Jasmini Paolini  نے اٹلی کی سے ہرا کر خواتین کا سنگلز کا خطاب جیت لیا ہے۔

یہ تھی خبری

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیررضوی

شکریہ -آسیہ

راجدھانی دلی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے وزیراعظم نریندر مودی کے مہاراشٹر دورے کی خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اخبار کے مطابق وزیراعظم نے کہا ہے کہ حکومت اپنی تیسری معیاد میں تین گنا رفتار سے کام کرے گی اور عوام، بھارت کو 2047 تک ترقی یافتہ ملک کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے 7 ریاستوں کی 13 اسمبلی سیٹوں پر ہونے والے ضمنی انتخابات کے نتیجوں کی خبر کو صفحہ اول کی شہ سرخی ہے۔ اخبار کے مطابق اپوزیشن اتحاد I.N.D.I.A نے 10 سیٹیں جیتی ہیں جبکہ BJP نے تین سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔

DYروزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے بھارت کے چیف جسٹس ڈاکٹر چندر چوڑ کے اُس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے جس میں انھوں نے علاقائی زبانوں میں قانون کی تعلیم دینے پر زور دیا ہے۔ چیف جسٹس نے لکھنؤ کی ڈاکٹر رام منوہر لوہیا نیشنل لاء یونیورسٹی میں ایک تقریب کے دوران یہ بات کہی۔

روزنامہ پرتاپ نے ملک کی کئی ریاستوں میں شدید بارش کی وجہ سے معمولاتِ زندگی درہم برہم ہونے کی خبر کو نمایاں جگہ دی ہے۔ اخبار کے مطابق اترپردیش کے 16 ض لعے سیلاب کی زد میں ہیں جبکہ بہار میں کئی ندیاں خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہی ہیں۔

روزنامہ ملاپ نے آج رات ہونے والے یورو کپ کے فائنل سے متعلق خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔ یورو کپ کے فائنل میں اسپین اور انگلینڈ آمنے سامنے ہوں گے۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے بارہ بجے شروع ہوگا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ گزشتہ تین سے چار سال کے عرصے میں روزگار کے آٹھ کروڑ نئے مواقع نے بیروزگاری کے بارے میں فرضی بیانیے کو پھیلانے والے لوگوں کو خاموش کردیاہے۔

2 مرکزی وزیرداخلہ امت شاہ آج مدھیہ پردیش کے سبھی 55 ضلعوں میں پرائم منسٹر کالج آف ایکسیلنس کا افتتاح کریں گے۔

3 مرکز نے جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر کو مزید اختیارات تفویض کئے ہیں۔

4 محکمہ موسمیات نے ناگالینڈ،اڈیشہ اور چھتیس گڑھ میں آج شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

5 امریکہ کے سابق صدر ڈونالڈٹرمپ Pennsylvania میں گولی باری میں زخمی ہوگئے ہیں۔

6 اور مردوں کی کرکٹ میں

آج سہ پہر ہرارے میں پانچویں اور آخری ٹی۔ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت کا مقابلہ میزبان زمبابوے سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔